نیوز ریلیز

آؤٹ رِیچ البرٹنز کو کووِڈ-19 سے تعلق رکھنے والے وسائل سے جوڑنے میں مدد دے گا

15 دسمبر، 2020ء میڈیا انکوائریز

البرٹا کی حکومت آؤٹ رِیچ کے نئے پروگراموں کو آگے بڑھا رہی ہے اور خاص طور پر ان کمیونٹیوں کی مدد کر رہی ہے جن میں کووِڈ-19 کی انفیکشن اور منتقلی کی شرح بہت زیادہ ہے۔

البرٹا ہیلتھ نے ایڈمنٹن اور کیلگری میں ایسی 11 کمیونٹیوں کی شناخت کی ہے۔

ان کمیونٹیوں میں رہائشیوں کو متعدد نئے پروگرام اور امداد دستیاب ہوگی، جس کی ابتدا 15 دسمبر سے ہو رہی ہے۔ ان میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- خود کو الگ تھلگ رکھنے والے ہوٹل اور مالی امداد
  - ان علاقوں کے افراد جن کے کووِڈ-19 کے ٹیسٹ مثبت نکلتے ہیں وہ مکمل طور ثقافتی طور پر مناسب کھانے کے ساتھ، ہوٹل کے کمرے میں 14 دنوں کے مُفت قیام کے اہل ہونگے۔
  - جب یہ افراد اپنے خود کو الگ تھلگ رکھنے کا عمل پورا کر چکیں گے تو وہ عارضی مالی امداد کی 625 ڈالر رقم کے بھی اہل ہوں گے۔

- کووِڈ کی نگہداشت کی ٹیمیں
  - کمیونٹی کی زیرِ قیادت یہ ٹیمیں وائرس کے پھیلاؤ کو محدود کرنے کیلئے زمینی سطح پر معاونت اور مداخلتیں (interventions) فراہم کریں گی۔
  - ان علاقوں میں ماسک، سینیٹائزر، اور متعدد زبانوں میں معلومات کے ساتھ نگہداشت کے پیکیجز فراہم کئے جائیں گے۔
  - کووِڈ-19 کی تشخیص اور ٹیسٹنگ کی سہولیات تک محفوظ ٹرانسپورٹیشن دستیاب ہوگی۔
  - آؤٹ رِیچ کی قیادت اور معاونت کمیونٹی کے رہنما اور مقامی عقیدہ اور آباد کاری کی تنظیمیں کریں گی۔ اگر ضرورت ہوئی مترجم بھی مدد کریں گے۔

- عوامی آگاہی کی مہم
  - البرٹا کی حکومت نے ترجمہ شدہ مواد اور دیگر معاونتوں تک توسیعی رسائی کے ذریعے پبلک ہیلتھ کی اہم معلومات کو ان البرٹنز تک براہِ راست پہنچانے کیلئے ایک آؤٹ رِیچ مہم تیار کی ہے، جنھیں ممکن ہے انگریزی زبان میں رکاوٹیں درپیش ہوں۔
  - پیغامات ریڈیو، ٹیلی ویژن اور پرنٹ شدہ اشتہارات کے ساتھ ساتھ سوشل

ملٹی میڈیا

نیوز کانفرنس دیکھیں

نیوز کانفرنس کی تصاویر دیکھیں *(ایونٹ کے بعد شامل کی جائیں گی)*

کووِڈ کیئر پیکیجز کی بی - رول فوٹیج

میڈیا انکوائریز

کرسٹین مایت (Christine Myatt)
780-446-2179
ڈپٹی ڈائریکٹر (Deputy Director)
کمیونیکیشنز/ پریس سیکریٹری، آفس آف دی پریمیئر

میڈیا کے مختلف چینلز اور ویب پلیٹ فارموں کے ذریعے 10 زبانوں میں پہنچائے جائیں گے۔

"اس وبائی مرض کا صوبے بھر میں گہرا اثر پڑا ہے، اس نے ہماری تمام کمیونٹیوں اور ہماری معیشت کے تمام شعبوں کو چُھوا ہے – لیکن کچھ کیلئے، یہ اثر اور بھی زیادہ شدید رہا ہے۔ البرٹا کی حکومت ان کمیونٹیوں میں موجود خاندانوں کی حفاظت کیلئے اضافی مدد فراہم کرے گی جو پھیلاؤ کی زیادہ شرح سے نمٹ رہے ہیں۔ جہاں بھی لوگ موجود ہیں ہمیں ان سے ملنے اور حفاظت سے رہنے میں ان کی مدد کرنے کی ضرورت ہے۔"
جیسن کینی، پریمیئر (Jason Kenney, Premier)

"ہم ان کمیونٹیوں کی مدد کیلئے ایک معاون اور باہمی تعاون کا طریقہ اختیار کرنا چاہتے ہیں جو سب سے زیادہ اثرات محسوس کر رہی ہیں۔ ہم ہمدردانہ کوششوں کے ذریعے رکاوٹوں کو عبور کریں گے اور اپنے پڑوسیوں کو وہ معلومات اور مدد فراہم کریں گے جن کی انہیں فیملیوں کو محفوظ رکھنے کیلئے ضرورت ہے۔"
ٹریسی ایلرڈ (Tracy Allard)، وزیرِ بلدیاتی اُمور

"تمام پسِ منظر رکھنے والے البرٹنز پر وبائی مرض کا اثر پڑا ہے۔ البرٹا حکومت تسلیم کرتی ہے کہ تمام البرٹنز کی حفاظت کیلئے دلیرانہ خیالات کی ضرورت ہے۔ مَیں نگہداشت اور ہمدردی کی حکمت عملی تیار کرنے میں البرٹا کی حکومت کی مدد کرنے پر کمیونٹی رہنماؤں کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جو ان کی متعلقہ کمیونٹیوں کی ضروریات کو پورا کرتی ہے۔ ہم وبائی مرض کے چیلنج پر قابو پالیں گے، اور یہ کام ہم اکٹھے مِل کر کریں گے۔"
کیسی مادو (Kaycee Madu)، وزیرِ انصاف اور سالیسٹر جنرل

"ہم ثقافتی اور کمیونٹی پر مبنی تنظیموں کے رہنماؤں کے ساتھ شراکت میں کام کر رہے ہیں تاکہ ضرورت مندوں کیلئے معلومات اور مدد فراہم کی جاسکے۔ یہ تنظیمیں کمیونٹیوں کی ضروریات کو بہترین طور پر سمجھتی ہیں اور ہم ان خدمات کی فراہمی میں مدد کرنے میں ان کی لگن اور عزم کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔"
راجن ساہنی (Rajan Sawhney)، وزیرِ کمیونٹی اینڈ سوشل سروسز

"شراکت میں کام کرنا کمیونٹیوں کو اکٹھا کرتا ہے اور ہماری کوششوں کو مستحکم بناتا ہے۔ ہم میں سے بہت سے لوگ واسو دیو کتمباکم (Vasudev kutumbakam) سُنتے ہوئے بڑے ہوئے ہیں (دنیا ایک بڑی فیملی ہے)۔ اس مشترکہ کاوش کے ذریعہ، ہم سب کو ایک بڑی فیملی کے طور پر اکٹھا کرنے پر پریمیئر کینی اور ان کی حکومت کا شکریہ۔ میں پراعتماد ہوں کہ وسائل، بہترین طریقہ ہائے کار اور باہمی تائید اور مہارت کو بروئے کار لا کر ہم آگاہی پیدا کریں گے اور اکٹھے مِل کر بحیثیت کمیونٹی مضبوط تر ہوں گے۔"
ریکھا گادھیا (Rekha Gadhia)، بی اے پی ایس سوامی نارائن مندیر-کیلگری

"بحیثیت ایک تنظیم جو امیگرینٹس اور نئے آنے والوں کی معاونت پر مرکوز ہے، ہم بلا واسطہ طور پر جانتے ہیں کہ کووِڈ-19 کے تباہ کن اثرات ان کمیونٹیوں پر پڑ سکتے ہیں جو پہلے ہی متعدد رکاوٹوں کا سامنا کر رہی ہیں۔ یہ اعلان موجودہ اور نئے ڈیٹا کو استعمال اور زیادہ سے زیادہ استعمال کرنے کی سمت میں پہلا قدم ہے۔ ہم کووِڈ-19 کے پھیلاؤ کو جواب دینے اور اسے محدود کرنے میں ان کمیونٹیوں کی سپورٹ کیلئے شواہد کے ذریعہ آگاہ کردہ اس طرح کے اہدافی پروگرام تیار کرنے کیلئے حکومت کی تعریف کرتے ہیں۔"
شریف حاجی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر، افریقہ سینٹر

البرٹا کی حکومت خط منحنی کو موڑنے، چھوٹے کاروباروں کو برقرار رکھنے اور البرٹا کی صحت کی نگہداشت کے نظام کی حفاظت کے درست اقدامات کے ذریعے زندگی اور معاش کا تحفظ کرتے ہوئے کووِڈ-19 وبائی مرض کا جواب دے رہی ہے۔

پسِ منظر

11 کمیونٹیوں کو پھیلاؤ کی زیادہ شرح کا اور کچھ رُکاوٹوں کا سامنا ہے جو ان کی کمیونٹیوں میں زیادہ پائی جاتی ہیں، جن میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- عوام کا سامنا کرنے والی ملازمت، زیادہ خطرے والی ملازمتیں – مثال کے طور پر فرنٹ لائن صحت کی نگہداشت، بحالی، ٹرانسپورٹیشن۔

- اوسط سے کم آمدنی کے سبب زیادہ گنجان رہائشی انتظامات، جو اکثر متعدد فیملیوں یا متعدد نسلوں والے گھروں میں ہوتے ہیں۔
- البرٹا میں زیادہ نئے آنے والے لوگ، ہو سکتا ہے جن کی مدد نہ ہو۔
- انگریزی زبان کی رُکاوٹوں والے افراد کا زیادہ تناسب۔